https://www.afkareislami.com

(۱۵) وَكَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

يَقُوْلُ اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ مُحَارِبًا:

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَفْضَتِ الْقُلُوْبُ، وَ مُدَّتِ الْاَعْنَاقُ، وَ شَخَصَتِ الْاَبْصَارُ، وَ نُقِلَتِ الْاَقْدَامُ، وَ اُنْضِيَتِ الْاَبْدَانُ.

اَللّٰهُمَّ قَدْ صَرَّحَ مَكْنُوْنُ الشَّنَاٰنِ، وَ جَاشَتْ مَرَاجِلُ الْاَضْغَانِ.

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَشْكُوْۤا اِلَيْكَ غَيْبَةَ نَبِيِّنَا، وَ كَثْرَةَ عَدُوِّنَا، وَ تَشَتُّتَ اَهْوَآئِنَا.

﴿رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ اَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ۝﴾.

-----☆☆-----

ہدایت (۱۵)

جب لڑنے کیلئے دشمن کے سامنے آتے تھے تو بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے تھے:

بارالٰہا! دل تیری طرف کھنچ رہے ہیں، گردنیں تیری طرف اٹھ رہی ہیں، آنکھیں تجھ پر لگی ہوئی ہیں، قدم حرکت میں آ چکے ہیں اور بدن لاغر پڑ چکے ہیں۔

بارالٰہا! چھپی ہوئی عداوتیں ابھر آئی ہیں اور کینہ و عناد کی دیگیں جوش کھانے لگی ہیں۔

خداوندا! ہم تجھ سے اپنے نبیؐ کے نظروں سے اوجھل ہو جانے، اپنے دشمنوں کے بڑھ جانے اور اپنی خواہشوں میں تفرقہ پڑ جانے کا شکوہ کرتے ہیں۔

"پروردگارا! تو ہی ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان سچائی کے ساتھ فیصلہ کر اور تو سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا ہے"۔

--☆☆--

(۱٦) وَكَانَ يَقُوْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

لِاَصْحَابِهٖ عِنْدَ الْحَرْبِ

لَا تَشْتَدَّنَّ عَلَيْكُمْ فَرَّةٌ بَعْدَهَا كَرَّةٌ، وَ لَا جَوْلَةٌ بَعْدَهَا حَمْلَةٌ، وَ اَعْطُوا السُّيُوْفَ حُقُوْقَهَا، وَ وَطِّئُوْا لِلْجُنُوْبِ مَصَارِعَهَا، وَ اذْمُرُوْۤا اَنْفُسَكُمْ عَلَى الطَّعْنِ الدَّعْسِيِّ، وَ الضَّرْبِ الطِّلَحْفِيِّ، وَ اَمِيْتُوا الْاَصْوَاتَ، فَاِنَّهٗ اَطْرَدُ لِلْفَشَلِ.

فَوَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَ بَرَاَ النَّسَمَةَ، مَاۤ اَسْلَمُوْا وَ لٰكِنِ اسْتَسْلَمُوْا وَ اَسَرُّوا الْكُفْرَ، فَلَمَّا وَجَدُوْۤا اَعْوَانًا عَلَيْهِ اَظْهَرُوْهُ.

-----☆☆-----

ہدایت (۱٦)

جنگ کے موقع پر اپنے ساتھیوں سے فرماتے تھے

وہ پسپائی کہ جس کے بعد پلٹنا ہو اور وہ اپنی جگہ سے ہٹنا جس کے بعد حملہ مقصود ہو، تمہیں گراں نہ گزرے۔ تلواروں کا حق ادا کر دو اور پہلوؤں کے بل گرنے والے (دشمنوں) کیلئے میدان تیار رکھو۔ سخت نیزہ لگانے اور تلوار کا بھرپور ہاتھ چلانے کیلئے اپنے کو آمادہ کرو۔ آوازوں کو دبا لو کہ اس سے بودا پن قریب نہیں پھٹکتا۔

اس ذات کی قسم جس نے دانے کو چیرا اور جاندار چیزوں کو پیدا کیا! یہ لوگ اسلام نہیں لائے تھے، بلکہ اطاعت کر لی تھی اور دلوں میں کفر کو چھپائے رکھا تھا۔ اب جبکہ یار و مددگار مل گئے تو اسے ظاہر کر دیا۔

--☆☆--